© rasailojaraid.com



حکومتِ پاکستان وزارتِ مذہبی امور و اقلیتی امور (اسلام آباد، ۲ر فروری ۱۹۸۹ء)

# عنوان: اسلامی موضوعات پر خواتین کی تصانیف کا انعامی مقابلہ

وزارتِ مذہبی امور و اقلیتی امور گذشتہ ایک سال (یعنی ۱۲ ربیع الاول ۱۴۰۸ھ تا ۱۱ ربیع الاول ۱۴۰۹ھ مطابق ۵ نومبر ۱۹۸۷ء تا ۲۴ اکتوبر ۱۹۸۸ء) کے دوران خواتین کی قرآنِ حکیم کی تعلیمات، سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلامی موضوعات پر لکھی گئیں اور شائع شدہ بہترین کتب کے لیے مندرجہ ذیل صدارتی انعامات کا اعلان کرتی ہے:-

① پہلا انعام: مبلغ -/۲۰،۰۰۰ روپے ② دوسرا انعام مبلغ -/۱۰،۰۰۰ روپے

**شرائطِ اہلیت**

(۱) کتاب خواتین کی لکھی ہوئی ہونی چاہیئے (۲) کتاب صرف قومی زبان اردو میں ہو (۳) کتاب اصل ہو اور اس سے پہلے کسی دوسری زبان میں شائع شدہ کتاب کا ترجمہ، تفسیر یا تشریح نہ ہو (۴) مقابلہ میں شامل ہونے والی کتاب قابلِ اعتراض اور اختلافی مواد سے بالکل پاک ہو (۵) کتاب غیر معمولی علمی تحقیق، ادبی ذوق، فصیح و سلیس و شستہ اسلوب اور دلچسپ طرزِ تحریر کی حامل ہو۔ البتہ بچوں کے لیے لکھی گئی کتاب اُن کی ذہنی اور علمی استعداد سے مطابقت رکھتی ہو (۶) (الف) سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھی گئی کتاب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ / سیرتِ طیبہ کے کسی پہلو پر اور انسان کی سماجی، سیاسی، معاشی، تعلیمی، قانونی، اخلاقی اور معاشرتی زندگی میں لائی ہوئی تبدیلیوں پر محیط ہو یا (ب) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خواتین کے بارے میں حسنِ سلوک اور معاشرے میں عورت کو صحیح مقام دلانے کی عکاسی کرتی ہو۔

(۷) مقابلے میں شامل ہونے والی وہ کتاب یکسر مسترد کی جائے گی جس میں درج قرآن کریم کے عربی متن یا حدیثِ نبوی کی کسی عبارت میں غلطی پائی جائے (۸) کتاب کم از کم سو صفحات پر مشتمل ہو (۹) کتاب پر واضح طور پر تاریخ اشاعت مع ماہ و سال درج ہو (۱۰) مسودات قابلِ قبول نہیں ہوں گے (۱۱) مقابلے کے لیے ارسال کردہ پیکٹ پر اس مقابلے کا نام واضح طور پر درج ہو جس میں شرکت کی جانی مطلوب ہے (۱۲) منصفین / ایپکس کمیٹی کو حق حاصل ہوگا کہ وہ مقابلے میں شامل ہونے والی کسی کتاب کو بھی انعام (اوّل و دوم) کا حقدار قرار دے۔ اور ان کے اس فیصلے پر نہ تو کوئی اعتراض وارد ہوگا اور نہ ہی اسے چیلنج کیا جا سکے گا۔

مقابلہ میں شمولیت کی خواہشمند خواتین سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تصانیف کی بارہ عدد نقول مع اپنے کوائفِ حیات کے زیرِ دستخطی کے نام زیادہ سے زیادہ ۳۱ مئی ۱۹۸۹ء تک ارسال کردیں۔ مقررہ مدت کے بعد موصول ہونے والی کتابیں مقابلہ میں شامل نہیں کی جاسکیں گی۔

حبیب الرحمٰن، ڈائریکٹر (آر اینڈ آر)
وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور (اسلام آباد)
فون نمبر ۸۲۸۴۷۲

P.I.D(I) 3017/96

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# اپیل تعمیر مسجد قدیم دارالعلوم حقانیہ

## (اکوڑہ خٹک)

جامع مسجد (قدیم دارالعلوم حقانیہ مسجد شیخ الحدیثؒ) واقع شہر اکوڑہ خٹک جہاں سے مرکز علم دارالعلوم حقانیہ کا آغاز ہوا تھا۔ جو تاریخی اعتبار سے دارالعلوم کے ہزاروں قدیم فضلاء، مبلغین، مدرسین کی اولین درسگاہ اور اسی طرح افغانستان کے معرکہ کارزار کے صفِ اول کے قائدین مولانا محمد یونس خالص، مولانا فتح اللہ حقانی شہید اور مولانا جلال الدین حقانی کی تعلیم گاہ اور تربیت کی چھاؤنی تھی۔ جس میں خود قائدِ شریعت حضرت شیخ الحدیثؒ زندگی بھر امامت وخطابت اور درس قرآن پڑھاتے رہے۔

دعوات حق دونوں جلدوں کے زیادہ تر خطبات جمعہ یہیں ارشاد فرمائے گئے۔ یہ مسجد صرف مسجد ہی نہیں بلکہ مرکز علم ہونے کی وجہ سے پوری ملت کے لئے تاریخی اثاثہ ہے۔ قدامت اور دیواروں کے بوسیدہ ہو جانے کی وجہ سے خود حضرت شیخ الحدیثؒ نے اپنی زندگی ہی میں اس کی تعمیر نو کی تجویز اور تحریک اور اس سلسلہ میں عملی کام بھی شروع کر دیا تھا۔ اور اپنی حیات مبارکہ میں اس کو گرا کر نیا کام شروع کرا دیا تھا۔ مگر زندگی نے وفا نہ کی۔

حضرتؒ کی وفات کے بعد ان کے دیگر کاموں کی طرح مسجد شیخ الحدیث کی تعمیر کا کام بھی بدستور جاری رکھا گیا ہے۔ مگر گرانی اور مہنگائی کے اس دور میں سب سے مشکل کام تعمیر ہی کا ہے۔ لہذا حضرت شیخ الحدیثؒ کے متعلقین ومعتقدین، دارالعلوم حقانیہ کے مخلصین ومحبین اور فضلاء دارالعلوم حقانیہ اور عامۃ المسلمین سے اپیل ہے کہ اس مسجد کی تعمیر نو میں بھرپور حصہ لیں۔ اور ہر ممکن تعاون فرما کر اجر دارین حاصل کریں۔

ترسیل زر کا پتہ

**مولانا حافظ انوار الحق۔ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک پشاور**

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com